Web:www.shamal.com.pk
E-mail dailyshamal1991@gmail.com
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
صوبہ خیبر پختونخواہ کا سب سے زیادہ فروخت ہونے والا اخبار
A.B.C CERTIFIED

روزنامہ
# شمال
ایبٹ آباد

The Daily
SHAMAL
ABBOTTABAD

چیف ایڈیٹر و پبلشر
نیاز پاشا جدون

فون نمبر
0992-385577

جلد نمبر 34 | منگل 27 رمضان المبارک 1444ھ 18 اپریل 2023ء 2 بیساکھ 2080ب | صفحات 4 | قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 59

## تبادلوں اور تعیناتیوں پر بھاری نذرانے وصول ہونے لگے

### محکمہ تعلیم مانسہرہ کرپشن کا گڑھ بن گیا، اصلاح واحوال کا عوامی مطالبہ

مانسہرہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) محکمہ تعلیم مانسہرہ کرپشن کا گڑھ بن گیا تبادلوں اور تعیناتیوں پر بھاری نذرانے وصول ہونے لگے عوامی حکومت ہو یا نگراں رشوت ستانی کے اس محکمہ کو شرمناک حد تک پہنچا دیا دفتر کے باہر ایک خاص دلال کے ذریعے لین دین کے معاملات طے کیے جاتے ہیں ذمہ دار شہریوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور رشوت ستانی کے اس بازار کو ختم کر کے ذمہ داروں کے خلاف کاروائی عمل میں لائی جائے علاوہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

### بقیہ 35 | راستہ

ازیں شہری خود اصلاح کا راستہ نکالیں گے اس سلسلے میں پیرامیڈیکل ایسوی ایشن کا ایک ہنگامی اجلاس صدر خالد خان کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں محکمہ تعلیم زنانہ کے دفتر میں پوسٹنگ ٹرانسفر کے نام پر بھاری نذرانے وصول کرنے کے خلاف شدید الفاظ میں مذمت کی گئی اور اور اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ نگراں حکومت نے انکے خلاف کوئی کاروائی عمل میں نہ لائی تو دیگر ٹریڈ یونینز کے تعاون سے مشترکہ لائحہ عمل طے کیا جائیگا اجلاس میں محکمہ تعلیم زنانہ کے دفتر کے باہر ایک خاص دلال کا ذکر کیا گیا جو نذرانے وصول کر کے تبادلوں اور تعیناتیوں کے آرڈر کرواتا ہے ماضی میں بھی انہی حرکات کی وجہ سے وہ بہت شہرت پا چکے ہیں اور اب دوبارہ سے لین دین کا کاروبار عروج پر ہے اجلاس میں محکمہ تعلیم زنانہ کی موجودہ انتظامیہ کے خلاف فی الفور کاروائی کا مطالبہ کیا گیا ہے

Awam Di Awaz

Awam Di Awaz
3 May ·


تحصیل ناظم بالاکوٹ سید ابراہیم شاہ نے کہا کہ ہاؤس کے تمام ممبران ہمارے لئیے قابل احترام ہیں قانون کے مطابق اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے سردار لیاقت کسانہ کو کنوینئر منتخب کیا ٹی ایم اے بالاکوٹ کو معاشی طور پر مضبوط کرنے کے لئے بالاکوٹ میں چئیر لفٹ اور دیگر منصوبے شروع کریں گے انھوں نے کہا کہ تمام محکموں کے سربراہان کو خط لکھا جائے کہ وہ اجلاس میں اپنی حاضری یقینی کریں انھوں نے ڈی ایس پی کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان نسل نشے کی لعنت سے دوچار ہورہی ہے اس کی روک تھام اور منشات فروشوں کے خلاف کاروائی کی جائے ہم کسی صورت بھی اس لعنت کو برداشت نہیں کریں گے انھوں نے مزید کہا کہ محکمہ تعلیم زنانہ میں ٹرانسفر کی لوٹ سیل لگی ہے اور ڈی او زنانہ نے گھنول جوسچہ کاغان سراش اور دیگر سکولوں میں سٹاف کی کمی کے باوجود من پسند استانیوں کے تبادلے شروع کررکھیں ہیں صوبائی حکومت اس کا نوٹس لے اور فوری طور پر نہ صرف تبادلے روکے جائیں بلکہ ڈی او کو تبدیل کیا جائے ایسا کسی طور پر بھی برادشت نہیں کریں گے انھون نے کہا کہ سیاست اپنی اپنی مگر سب کو ملکر تحصیل کی ترقی کے لئے کردار ادا کرنا ہوگا ہمیں لوگوں نے اس لئے مینڈیٹ دیا کہ لوگوں کے کام کرسکیں یہاں اگر ایک دوسرے کی ٹانگیں کھیچیں گے تو اس طرح مسائل حل نہیں ہوں گے ہماری طرف سے سب کو برابر فنڈ اور عزت ملے گی انھوں نے پینل اف ہاوس کے لئے مشاورت کا بھی کہا بعد ازاں مشاورت کے بعد حیدر علی خان اور ندیم ستی کو مشاورت کے بعد پینل اف ہاؤس نامزد کیا گیا جو کنوینئر کی عدم موجودگی میں اجلاس کی صدارت کریں گے

CamScanner

# ایجوکیشن زنانہ دفتر کے معاملات پر وفد آج ڈی سی سے ملاقات کریگا

## سول سوسائٹی اور متاثرہ ٹیچروں کے عزیز واقارب جملہ حقائق سے ڈی سی کو آگاہ کرینگے

مانسہرہ (کورٹس رپورٹر) ڈی او ایجوکیشن زنانہ کے دفتر میں ڈی او کے خاوند جلیل خٹک کے ڈھیرے ٹیچروں کو تبادلوں کے معاملات میں بلیک میل کرنے اور ایزی لوڈ سمیت دیگر معاملات بارے ایک بڑا وفد آج ڈی سی مانسہرہ سے ملاقات کرے گا اس وفد میں سول سوسائٹی اور متاثرہ ٹیچروں کے عزیز واقارب جملہ حقائق سے ڈی سی مانسہرہ کو آگاہ کریں گے محکمہ تعلیم زنانہ مانسہرہ کے آفس میں کیا کچھ ہوتا رہا ہے اس بارے ساری صورتحال ڈی سی مانسہرہ کو ثبوتوں کے ساتھ شکایات پیش کریں گے۔



بالاکوٹ تبلیغی اجتماع میں ہزاروں فرزندان اسلام شریک ہیں


# ڈی ای او ایجوکیشن زنانہ مانسہرہ کے دفتر میں لڑائی جھگڑے معمول بن گئے

**آفیسر کے خاوند کے دفتر میں ڈیرے، ٹیچروں کے عزیز و اقارب سے تو تو میں میں تکرار معمول بن گئی، کارروائی کا مطالبہ**

مانسہرہ (کورنس رپورٹر) ڈی او ایجوکیشن زنانہ کا دفتر مچھلی بازار بن گیا، محکمہ ایجوکیشن زنانہ میں تعینات آفیسر کے خاوند کی ہروقت دفتر میں موجودگی اور ٹیچروں کے تبادلوں کے معاملات میں ایزی لوڈ کی وصولی پر آئے روز دفتر میں تبادلوں کے معاملات میں ٹیچروں کے ساتھ تو تو تکرار روز کا معمول ہے منگل کے روز مانسہرہ کے ایک سیاسی و سماجی رہنما ایک ٹیچر کے تبادلے کے معاملات

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)





## ایبٹ آباد ٹریفک پولیس کا موٹروے پولیس کے ہمراہ آگاہی

بھی کسی بھی مقام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

مقدمات درج (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

احمد نے اظہار افسوس کرتے ہوئے وش کونسل

کرتے ہوئے کہا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

## مانسہرہ خاتون ٹیچر کو دھمکیاں

# ڈی ای او آفس میدان جنگ بن گیا

### ڈی ای او ریحانہ یاسمین کے شوہر کی جانب سے خاتون ٹیچر کو گاڑی سے ٹکر مارنے کی دھمکی، اساتذہ تنظیمات اور سماجی حلقوں کی جانب سے شدید احتجاج



مانسہرہ ( ڈسٹرکٹ نامہ نگار + تحصیل جنرل رپورٹر ) ڈی ای او زنانہ کا شوہر ڈی ای او بن بیٹھا بھاری ریحانہ یاسمین کے شوہر کی جانب سے خاتون ٹیچر کو گاڑی سے ٹکر مارنے کی دھمکی ڈی ای او آفس میدان جنگ بن گیا اساتذہ تنظیمات اور سماجی حلقوں کی جانب سے شدید

کھلا رٹ، شہر میں خوبرو بھکارنوں نے

## بقیہ 24 دفتر

بارے ڈی او زنانہ کے دفتر گئے تو وہاں ٹیچروں کے تبادلوں کے سارے معاملات ڈی او کے جلیل خٹک نامی خاوند طے کر رہے تھے جس پر سماجی رہنماء نے کہ یہ مانسہرہ ہے اس کے اپنے حالات ہیں خواتین ٹیچروں کے معاملات ایک مرد کے ہاتھ میں دینا مانسہرہ کے روایات کے خلاف ہے جس پر دفتر میں تو ں تکرار سے بات ہاتھ پائی تک آرہی تھی لیکن بیچ بچاؤ ہوگیا بعدازاں ڈی او ایجوکیشن کے دفتر میں تبادلوں سے متعلق آنیوالی ٹیچروں نے وہاں موجود میڈیا کو بتایا کہ مانسہرہ میں سیاسی بنیادوں پر تعینات ڈی او فی میل ایجوکیشن اوراس کے خاوند نے دفتر کو اچپل بادشاہ بنا کر ہر معاملے میں وصولیاں شروع کر رکھی ہیں دونوں میاں بیوی نے کروڑو ں روپے کے غیرقانونی خفیہ اثاثے بنا لئے ہیں ڈی او کا خاوند ٹیچروں کی فائلیں تک غائب کر دیتا ہے اور پھر بلیک میل کر کے مرضی کا کھیل کھیلتا ہے شمال کے رابطہ کرنے پر معلوم ہوا کہ ایجوکیشن کے دفتر میں ڈی او کے خاوند کے ساتھ ٹیچروں کے عزیز و اقارب کے درمیان تو ں تکرار روز کا معمول بن گیا ہے یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ آج مانسہرہ کی سول سوسائٹی کا ایک بڑا وفد ساری صورتحال سے ڈی سی مانسہرہ کو آگاہ کر کے ڈی او زنانہ کے فوری تبادلے کا مطالبہ کرے گا